| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'خ' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'خ' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت بناوٹ سے حرف 'خ' لکھ سکیں۔ حرف 'خ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ حرف 'خ' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:** بچوں کو "حروفِ تہجی اردو کے"، نظم سنائی جائے گی۔ حرف 'ا تا ح' حروف 'ا تا ح' حروف کا تلفظ صوتی آواز اور اشیاء کے ناموں کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ح' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>معلّمہ ہاتھ میں حرف 'خ' کا Puppet Stick Card لے کر کمرہ جماعت میں داخل ہوں گی اور بچوں کو سلام کرنے کے بعد حرف 'خ' سے متعارف کروائے گی۔ میں حرف 'خ' ہوں میں 'ج' کے خاندان کا آخری حرف ہوں۔ دوسرے حروف کے ساتھ ملنے سے میری شکل تبدیل ہو جاتی ہے حرف 'خ' کی آدھی شکل 'خ' Puppet Stick Card کے ذریعے دکھائی جائے گی۔ 'خ' حروفِ تہجی کا گیارہواں حرف ہے۔ اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'خ' درست تلفظ کے ساتھ بولنا سیکھیں گے اور حرف 'خ' کے ذخیرہ الفاظ خانساماں خرگوش، خاندان، خواب خوردبین، خط، خالی اور خربوزہ فلیش کارڈ کے ذریعے جانیں گے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ حرف 'خ' کی پوری اور آدھی شکل کے اوپر ایک نقطہ ہوتا ہے۔ تختہ سیاہ/سفید پر ایک لکیر کھینچی جائے گی جس پر بچوں کو حرف 'خ' کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا اور باری باری بچوں کو بلا کر حرف 'خ' لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 10 منٹ | Puppet Stick Card | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 22 کھولنے کو کہا جائے گا بچوں سے کہا جائے گا کہ حرف 'خ' پر انگلی پھیریے اور اس کی آدھی شکل پر پنسل پھیریے حرف 'خ' سے شروع ہونے والے الفاظ بتائے جائیں گے اور آواز کی بار بار دہرائی کروائی جائے گی جیسا کہ خرگوش، خاندان وغیرہ بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گا جس میں خطوط میں لکھے حرف 'خ' میں رنگ بھرنے اور آدھی اور پوری شکل پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 22 | |
| | **اختتامیہ:** بچوں سے حرف 'خ' کی پوری اور آدھی شکل کی دہرائی کروائی جائے گی اور آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف ’خ‘ | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف ’خ‘ کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت بناوٹ سے حرف ’خ‘ لکھ سکیں۔ حرف ’خ‘ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ حرف ’خ‘ کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو ’’حرف تہجی اردو کے‘‘ نظم سنائی جائے گی۔ بچوں کو ’خ‘ کی پوری اور آدھی شکل کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ صوتی آواز اور نقطے پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف ’خ‘ کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو ’خ‘ کے ذخیرہ الفاظ کی فلیش کارڈ/ پی پی ٹی کے ذریعے دہرائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو خرگوش کا فلیش کارڈ دکھا کر بتایا جائے گا کہ یہ خرگوش ہے۔ اس کو ہم اپنے گھر پر بھی رکھ سکتے ہیں۔ اس کے مختلف رنگ جیسا کہ سفید، کالا اور بھورا ہوتے ہیں۔ اس کی رفتار بہت تیز ہوتی ہے۔ بچوں کو خرگوش اور کچھوا کی کہانی سنائیے۔ بچوں سے ہوا میں جلد پر انگلیوں کی مدد سے حرف ’خ‘ کی آدھی اور پوری شکل بنوائیے اور بار بار دہرائی کروائیے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو حرف ’ج تا خ‘ کی پوری اور آدھی شکل کے Spin Wheel مہیا کیے جائیں گے اور Spin Wheel کو گھما کر حروف کو ان کی آدھی شکل سے ملانے کو کہا جائے گا۔<br>طلباء کو ورک شیٹ مہیا کی جائے گی جس میں وہ خرگوش میں رنگ بھریں گے اور ’خ‘ کی پوری شکل پر پینسل پھیریں گے۔ | 20 منٹ | Spin Wheel<br>معلّمہ خود تیار کریں گی | |
| | **اختتامیہ:**<br>تختہ سفید/ سیاہ پر لکیر کھینچ کر ’خ‘ کی پوری شکل لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'خ' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'خ' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت بناوٹ سے حرف 'خ' لکھ سکیں۔ حرف 'خ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ حرف 'خ' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'خ' کی پوری شکل اور آدھی شکل فلیش کارد کے ذریعے دکھا کر اس کا نام اور آواز دہرائی جائے گی۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'خ' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم خانساماں کے بارے میں بات کریں گے۔ خانساماں ہوٹلوں میں کھانا پکانے والے کو کہا جاتا ہے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ خانساماں کی ابتدائی آواز 'خ' کی ہے؟ بچوں کو کہیے کہ وہ آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں سے ہوا میں حرف 'خ' بنائیں۔ یہ عمل تین سے چار بار دہرائیے۔ | 10 منٹ | اشیاء فلیش کارڈز | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>تختہ سیاہ/سفید پر حرف 'ج تا خ' کی تصاویر چسپاں کر کے بچوں سے حرف 'خ' کی تصاویر کے گرد دائرہ بنوانے کی مشق کروائی جائے گی۔ بچوں کو ورک شیٹ مہیا کی جائے گی جس میں حرف 'خ' کی آدھی شکل میں پینسل پھیرنے اور خربوزہ میں رنگ بھرنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | ورک شیٹ | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے خرگوش، خط، خانساماں کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔<br>ہوم ورک:<br>کاپی میں چسپاں ورک شیٹ میں خالی ٹوکری میں رنگ بھریے اور حرف 'خ' کی پوری اور آدھی شکل پر پینسل پھیریے۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'خ' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'خ' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت بناوٹ سے حرف 'خ' لکھ سکیں۔ حرف 'خ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ حرف 'خ' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'خ' کی پوری اور آدھی شکل دکھائی جائے گی۔ حرف 'خ' کا تلفظ، اور اس کی آواز کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'خ' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'خ' کے مزید الفاظ جانیں گے۔ بچوں کو خوردبین، خالی، خط اور خربوزہ کی تصاویر دکھائی جائیں گی۔ بچوں سے ان الفاظ کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم کھیل 'خزانے کی تلاش' کھیلیں گے کلاس کے آغاز سے قبل حرف 'خ' سے شروع ہونے والی چیزیں /یا تصاویر کلاس روم میں چھپا دیجیے۔ اب باری باری ہر بچے سے کہا جائے گا کہ 'خ' سے شروع ہونے والی چیزوں یا فلیش کارڈز تلاش کریں اور اس سے / تصویری کارڈ کا نام اور ابتدائی حرف بتائے۔ تمام بچوں کو اس سرگرمی میں حصہ لینے کا موقع دیا جائے گا۔ بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 23 کھولنے کو کہا جائے گا۔ دی گئی تصویر کے نام پوچھے جائیں گے۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ ہم کون سا حرف لکھنا سیکھ رہے ہیں۔ بتایئے۔ بچوں کو کہا جائے گا کہ حرف 'خ' کو اس سے شروع ہونے والی اشیاء سے ملایئے۔ نیچے دی گئی حرف 'خ' کی پوری اور آدھی شکل پر درست بناوٹ کے ساتھ پینسل پھیرنے اور لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | اشیاء/اشیاء فلیش کارڈز<br>کتاب صفحہ نمبر 23 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے خوردبین، خط اور خالی کی ابتدائی آوازیں پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'خ' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'خ' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت بناوٹ سے حرف 'خ' لکھ سکیں۔ حرف 'خ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ حرف 'خ' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'خ' کے تمام الفاظ فلیش کارڈ کے ذریعہ دکھا کر ان کے نام اور ابتدائی آوازیں پوچھی جائیں گی۔ | 3 منٹ | فلیش کارڈز | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'خ' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم خاندان اور خاتون کے بارے میں جانیں گے۔ بچوں کو بتائیں کہ آپ کے خاندان میں کون کون ہے؟ پھر بچوں سے ان کے خاندان کے افراد کے بارے میں پوچھیں۔ بچوں کو بتایئے کہ خاندان کے ساتھ مل جل کر رہنا اللہ کو بہت پسند ہے۔ خاتون عورت کو کہتے ہیں جیسا کہ آپ کی امی، دادی، نانی، وغیرہ سب خاتون ہیں۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ خاندان اور خاتون کی ابتدائی آواز 'خ' کی ہے۔ بچوں کو Sand Tray دے کر حرف 'خ' کی پوری اور آدھی شکل کی درست بناوٹ کی مشق کروائی جائے گی۔ | 10 منٹ | Sand Tray | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کاپی میں حرف 'خ' کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تاکہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکے۔ | 20 منٹ | کاپی ورک | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'خ' کی صوتی آواز پوچھی جائے گی اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 2 منٹ | | |
| | **گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف 'خ' کی پوری اور آدھی شکل لکھیں۔ | | | |